تعارف

خادم شہر کا یہ پہلا شمارہ آپ کی خدمت میں حاضر ہے چونکہ ادارہ ترقیات کراچی ایک بار پھر اپنے سابقہ آئینی صورت میں بحال ہو چکا ہے جس کے بعد ضرورت محسوس ہوئی کہ ادارے کی سرگرمیوں اور منصوبوں کے حوالے سے خواص وعوام کو آگاہی فراہم کی جائے اور نہ صرف آگاہی فراہم کی جائے بلکہ زیرنظر شمارے میں ادارہ ترقیات کراچی کے سابقہ منصوبے جوادارے نے کامیابی کے ساتھ مکمل کر کے اہلیان کراچی کو دیئے ہیں، کی بھی معلومات مہیا کی جائیں جس کا مقصد کراچی کے شہریوں کوادارہ ترقیات کراچی کی افرادی قوت، عملی اورافسران کی کارکردگی اور قابلیت بتانا ہے کہ آج بھی ادارہ پہلے جیسے منصوبے مقررہ مدت میں تیار کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔اس ادارے کے پاس جہاں بہترین ٹریفک انجینئرنگ بیورو ہیں وہیں ماس ٹرانزٹ، شعبہ ارضیات، شعبہ عوامی رہائشی منصوبہ، شعبہ انجینئرنگ اور آئی ٹی جیسے شعبے بھی ہیں اس کے علاوہ ادارے کے پاس پائپ فیکٹری جیسی مایہ ناز فیکٹری موجود ہے جو 84 ڈایا انچ کا نہ صرف پائپ بنانے کی صلاحیت رکھتی ہے بلکہ پائیدار اور اعلیٰ کوالٹی کے 84 ڈایا انچ کے پائپ پورے پاکستان میں کوئی فیکٹری تیارنہیں کرتی۔ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی سمیع الدین صدیقی نوآموز بحال ادارے کے سربراہ ہیں جوان شعبہ جات کے ساتھ کراچی کو دوبارہ روشنیوں کا شہر بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔انہوں نے اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد شہر کی ترقی اور شہریوں کے رہائشی مسائل کو پیش نظر رکھتے ہوئے جلد از جلد نئے منصوبے بنانے اور شہریوں کو رہائشی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز رکھی ہے، ساتھ ہی وسائل کو بڑھانے کے لئے کے ڈی اے کے بقایاجات کے حصول، ملازمین کی تنخواہیں اور پنشن کی بروقت ادائیگی ان کی اولین ترجیحات میں سے ہیں۔ان اہداف کے حصول کے لئے سمیع الدین صدیقی نے ادارے کی بحالی کے فوراً بعد تمام شعبہ جات کے سربراہان، افسران اور عملے کو پابند کیا ہے کہ وہ اپنے فرائض ذمہ داری کے ساتھ نبھائیں اور پابندی کے ساتھ دفتری اوقات میں حاضری یقینی بنائیں۔سمیع الدین صدیقی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ادارہ ترقیات کراچی کی سربراہی میرے لئے باعث اعزاز ہے لیکن یہ ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے جو اب مجھے سنبھالنی ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ ادارہ کو اصل صورت میں بحال کرنے اور شہر کی تعمیر وترقی کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔پیش نظر شمارے میں ممکنہ کوشش کی گئی ہے کہ ادارے کی بحالی کے بعد کی سرگرمیوں، پروگرامز، منصوبہ بندیوں، شہریوں سے منسلک تمام کاموں کی تفصیلات کے ساتھ ڈی جی کے ڈی اے کے حالیہ اقدامات کی معلومات آپ تک پہنچائی جاسکیں (چونکہ ادارہ اپنی سابقہ آئینی حیثیت میں بحال ہو چکا ہے تو شہر بھی اپنی سابقہ ترقی وخوبصورتی میں بحال ہوگا) بندہ خطا گار ہے تمام تر کاوشوں اور کوششوں کے بعد بھی اگر کہیں کوئی کمی، کوتاہی رہ گئی ہے تو ہمیں ضرور آگاہ کیا جائے۔آپ کی تجاویز ہمارے لئے بہت قیمتی ہیں۔امید ہے کہ آئندہ شمارے کی اشاعت کو مزید بہتر بنانے کے لئے آپ اپنی قیمتی آراء سے نوازیں گے۔جس کی روشنی میں ہم شمارے کی اشاعت کو مزید بہتر بناسکیں گے۔